# ٹیچرز گائیڈ

کلاس KG کے لئے

# کھیل کھیل میں

# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کتاب کا آخری صفحہ کھولیں۔

- کتاب کا یہ صفحہ بچوں کو دکھائیں اور پوچھیں
اس صفحے پر کیا نظر آ رہا ہے؟
تصویر میں کون کون سے جانور ہیں؟ (ہر بچے کو موقع دیں کہ وہ جواب دیں)

- کن بچوں کے پاس کوئی پالتو جانور ہے۔ جو بچے ہاتھ اٹھائیں ان سے کہیں کہ وہ اپنے پالتو جانور کا نام بتائیں۔ یہ بتائیں کہ جانور کی دیکھ بھال کس طرح کرتے ہیں۔ اسے کھانے کو کیا دیتے ہیں۔؟ کہاں رکھتے ہیں اور اس کا کیا نام رکھا ہے؟

- جن بچوں کے پاس کوئی پالتو جانور نہیں ہے ان بچوں سے پوچھیں کہ وہ کون سا جانور پالنا چاہیں گے اور کیوں؟

20 منٹ

- اب بچوں سے کہیں کہ کتاب کا پہلا صفحہ کھولیں۔ انہیں بتائیں کہ پہلے انہوں نے ایک مکمل تصویر دیکھی تھی۔ وہ تصویر اس صفحے سے بننا شروع ہوئی تھی۔ کئی دفعہ ایک تصویر بنانے میں چھوٹی چھوٹی چیزیں ملا کر اسے مکمل کیا جاتا ہے۔

- ایک ایک کر کے بچوں کو سارے صفحات دکھائیں۔ ساتھ ساتھ تصویروں میں جن جن چیزوں کا اضافہ ہو رہا ہے اس کے مطابق بات چیت کریں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ وہ کن چیزوں کا اضافہ کرنا چاہیں گے۔ کیا پہاڑ ' دریا' چاند وغیرہ بنانا چاہیں گے۔

- کیا چاند اور سورج ایک تصویر میں ایک ساتھ بنا سکتے ہیں۔ بچوں کو اس پر بات کرنے کا موقع دیں۔


## گھر کا کام

10 منٹ

- اخبار یا رسالے سے دریا' پہاڑ' پھول' درخت' جانوروں' مکانات اور لوگوں کی تصویریں کاٹ کر لائیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- کلاس کے ہر بچے کے لئے "12 x "8 کے چارٹ پیپر کے ٹکڑے کاٹ لیں (چارٹ پیپر ہلکے رنگوں میں لیں)
- ہر ٹکڑے کے چاروں طرف "1 کا حصہ چھوڑیں۔
- اوپر سے نیچے تک ایک ایک انچ کے فاصلے پر پیپر کو کاٹ دیں۔



- ہر بچے کے لئے رنگین پیپر کی "12 x "1 کی 8 پٹیاں کاٹیں۔
- گوند کا انتظام کریں۔
- پہاڑ، گھر، پھول، درخت، سورج، چاند کے cut outs بنائیں۔ (ہر چیز کے ایک سے زیادہ cut outs ہوں)

## سیشن 2

35 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ کتاب کے شروع میں انہوں نے جو تصویر دیکھی تھی اس کا پیپر کیسا تھا۔ ممکن ہے کہ بچے بتائیں کہ چٹائی کی طرح بنا ہوا تھا۔ بچوں سے کہیں کہ وہ آج اس طرح کا پیپر بنائیں گے۔

  - بچوں میں کٹا ہوا چارٹ پیپر اور رنگین پٹیاں تقسیم کریں۔ ہر بچے کو دو رنگوں کی پٹیاں دیں (کوشش کریں چار پٹیاں ایک رنگ کی اور چار پٹیاں دوسرے رنگ کی ہوں)
  - بچوں سے کہیں کہ وہ ہر رنگین پٹی چارٹ پیپر میں کٹی ہوئی پٹیوں کے درمیان سے اوپر نیچے کر کے گزاریں۔ پہلی پٹی کو نیچے سے اوپر کی طرف پروئیں اور اسی طرح پروتے جائیں۔ دوسری پٹی کو اوپر سے نیچے کی طرف پرونا شروع کریں۔ اسی طرح ساری پٹیاں چارٹ پیپر میں بن دیں۔

- بچے جب یہ کام مکمل کر لیں تو ان کے پاس جا کر پٹیوں کے آخری سروں کو گوند سے چارٹ پیپر پر چپکا دیں۔ پیپر کی شکل چٹائی جیسی بن جائے گی۔

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ وہ اپنا نام اپنی بنائی ہوئی چٹائی کے پیچھے لکھیں۔<br>- ٹیچر یہ پیپر بچوں سے لے کر اپنے پاس رکھیں۔<br>- بچوں کو یاد دلائیں کہ وہ اگلے سیشن کے لئے جو اخبار اور رسالے سے تصویریں کاٹی تھیں وہ لے کر آئیں۔ |

# سیشن 3

| | |
|---|---|
| 35 منٹ | • بچوں میں سیشن 2 میں بنائے ہوئے پیپر تقسیم کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی لائی ہوئی تصویریں نکالیں۔<br>- ان تصویروں کو پیپر پر چپکا کر ایک مکمل تصویر بنائیں۔<br>- ٹیچر نے جو cut outs بنائیں ہیں وہ بھی بچوں میں تقسیم کریں۔<br>- کام کے دوران اگر بچے آپس میں تصویریں تبدیل کرنا چاہیں تو ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| 10 منٹ | • کام مکمل کرنے کے بعد چند بچوں سے ان کی بنائی ہوئی تصویر کے بارے میں پوچھیں کہ اس میں کیا کیا نظر آ رہا ہے۔<br>- تصویریں کلاس میں ڈسپلے کریں۔ |

# سیشن 4

40 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی بنائی ہوئی تصویر کے بارے میں کہانی سنائیں۔ ٹیچر بچوں کو کہانی شروع کرنے میں مدد کریں۔ مثلاً اگر تصویر میں پہاڑ، دریا، سورج نظر آ رہے ہیں تو کہانی کچھ اس طرح شروع ہوسکتی ہے۔
  - اتوار کے دن سورج نکلتے ہی میں اپنے دوستوں کے ساتھ دریا کے کنارے مچھلی پکڑنے گیا۔ دریا کے ایک طرف پہاڑ تھے ...
  - کوشش کریں کہ ہر بچے کو کہانی سنانے کا موقع ملے۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- اپنی بنائی ہوئی تصویر امی ابو کو دکھائیں اور انہیں کہانی بھی سنائیں۔

# سیشن 5

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • کلاس کے تمام بچوں کو ایک دائرے میں بٹھائیں۔ |
| 25 منٹ | • بچوں کو بتائیں کہ سب مل کر ایک کہانی بنائیں گے۔<br>- اس کہانی میں کچھ کردار ہوں گے۔<br>- کہانی میں کسی جگہ اور وقت کا ذکر ہو گا۔<br>- کہانی میں کوئی عجیب و غریب واقعہ یا کوئی مشکل پیش آئی ہو گی۔<br>- اس مشکل کو کہانی کے کرداروں کو حل کرنا ہو گا۔<br>- کہانی کا پہلا جملہ بنائیں۔ پھر بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں مزید جملوں کا اضافہ کریں۔<br>- ضروری ہے کہ ہر بچہ کہانی بنانے میں حصہ لے۔ بچے جیسے جیسے کہانی کے جملے بناتے جائیں ٹیچر انہیں نوٹ کرتی جائیں۔ |
| 10 منٹ | • کہانی مکمل ہونے کے بعد ٹیچر کلاس میں بچوں کی بنائی ہوئی کہانی سنائیں۔ |

# کھیل کھیل میں

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk